**Rights, laws and support on**

Gender Discrimination
Marriage, Divorce and Child Custody
Harassment
Rape
Domestic Abuse
Forced Prostitution
Acid Attack
Eve Teasing

آبروریزی
آوازیں کسنا
تیزاب پھینکنا
جبری عصمت فروشی
حقوق، قوانین، اور معاونت سے متعلق معلومات برائے:
شادی، طلاق اور بچے کی تحویل
صنفی امتیاز
گھریلو تشدد
ہراساں کرنا

# QUESTIONS

## PAKISTANI WOMEN WANT TO ASK

## خواتین کے حقوق



'We, for Women' International Inner Wheel Theme 2013-2014

Inner Wheel Club Karachi Metropolitan



*"All citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law"*

**(Article 25, Constitution of Pakistan)**

*"No citizen otherwise qualified for appointment in the service of Pakistan shall be discriminated against in respect of any such appointment on the ground only of race, religion, caste, sex, residence or place of birth"*

**(Article 27, Constitution of Pakistan)**

''تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہیں اور قانونی تحفظ کے مساوی طور پر حقدار ہیں۔''

**( آرٹیکل 25، آئین پاکستان )**

''کسی شہری کے ساتھ جو بہ اعتبار دیگر پاکستان کی ملازمت میں تقرر کا اہل ہو، کسی ایسے تقرر کے سلسلے میں محض نسل، مذہب، ذات، جنس، سکونت یا مقام پیدائش کی بنا پر امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔''

**( آرٹیکل 27، آئین پاکستان )**

# Women Heroes


Justice (R) Majida Rizvi


Sania Saeed


Mukhtaran Mai


Naseem Hamid


Parveen Rehman


Meher Ahroz


Ayesha Farooq

Details from art works of Akram Dost Baloch, Fauzia Minallah, Abdul Majid Mangi, Sana Arjumand Wajid Ali and Sonia Ahmed who participated in the exhibition 'No Honor in Killing, Making Visible Buried Truth' have been used in the design of this handbook.



# Foreword

This handbook is an initiative of Inner Wheel Club Karachi Metropolitan in response to 'We, For Women', the 2013 -2014 theme of the Inner Wheel International President Gabriella Adami.

'*Questions Pakistani Women want to Ask*' is dedicated to the Pakistani Woman, whatever her age or location. It provides concise answers to questions on sexual harassment, rape, domestic violence, inheritance, marital and custody rights in the context of Constitutional Rights of women and the laws designed to protect them.

The main aim of this publication is to create public awareness of the existing laws, the vital processes and ways in which legal and social support systems can be accessed. This will enable women to counter problems with courage and confidence.

Packed with contact information, this handbook is reader friendly and useful. We suggest that every woman carry it in her handbag to have emergency numbers and vital information handy.



We hope men will also read this handbook and join the drive to end violence against women, which statistics show has increased, despite the seven new pro- women laws passed in recent times. To implement these laws all citizens' groups have an important role to play and this handbook is a modest step in that direction.

The realization of this project has been made possible by the magnanimous financial support of a very special member of our club.

We would like to thank District Chairman Nariman Siddiqui and the District Executive Committee for the launch of this handbook at the District Conference.

'*Questions Pakistani Women want to Ask*' is a tool of empowerment through knowledge for women and it will hopefully encourage them to look at the future with greater optimism.

**Niilofur Farrukh**
**President**
Inner Wheel Club Karachi Metropolitan-
District 327 Pakistan
April 2014



Inner Wheel Club Karachi Metropolitan acknowledges the support and input of the following persons in putting this handbook together:

**Mahnaz Rehman** (Aurat Foundation), **Sara Zaman** (Aurat Foundation), **Uzma Noorani** (Panah), **Sana Saleem** (Bolo Bhi)
**Sabiha Imani** (book design), **Jamal Ashqain, Zehra Hamdani Mirza** (research and coordination), **Fatima Imani** (research)

# پیش لفظ

انروھیل انٹرنیشنل نے سال رواں کا تھیم "We, For Women" رکھا ہے۔ انروھیل کلب کراچی میٹروپولیٹن کی زیرِنظر ہینڈ بک اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ اس ہینڈ بک کی اشاعت کلب کی ایک اسپیشل ممبر کے سرگرم تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتی تھی۔

"عورتوں کے سوال اور ان کے حقوق" تمام پاکستانی خواتین کے نام ہے، چاہے وہ ملک میں کہیں بھی موجود ہوں اور کسی بھی عمر کی ہوں۔ اس ہینڈ بک میں 6 خواتین کے سوانحی خاکے شامل ہیں جنھوں نے بے شمار رکاوٹوں اور مشکلات کے باوجود اپنی زندگی میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کیں اور عورتوں کی جدوجہد کی علامت بن گئیں۔



اس ہینڈ بک کی اشاعت کا بنیادی مقصد خواتین کو یہ یاد دلانا ہے کہ پاکستان کے آئین میں تمام شہریوں کو صنفی تفریق سے قطع نظر، یکساں حقوق دیے گئے ہیں اور انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ یہ حقوق کیسے حاصل کیے جائیں۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ گھر، تعلیمی





اداروں اور اپنے کام کی جگہ یعنی دفتر وغیرہ میں پیش آنے والی مشکلات کا جرأت اور بہادری سے سامنا کریں، کیوں کہ ہمارے ہاں ایسے قوانین موجود ہیں جو انھیں تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ اور ان کی رہنمائی کے لیے معاونتی نظام (سپورٹ سسٹم) بھی موجود ہے۔ موجودہ قوانین، طریق کار اور سپورٹ سسٹم کے بارے میں آگاہی پھیلانا اہم ہے، اس سے خواتین کو بہتر انداز سے زندگی بسر کرنے اور مستقبل کے بارے میں اچھی امیدیں قائم رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

**نیلوفر فرخ**
**صدر**
انروھیل کلب کراچی میٹروپولیٹن- ڈسٹرکٹ 327 پاکستان
اپریل 2014



## JUSTICE (R) MAJIDA RIZVI

**Pakistan's first woman judge to the Supreme Court**

After excelling as a lawyer for three decades, Justice Majida Rizvi made history by becoming Pakistan's first woman judge to the Sind High Court, and was recognized for her integrity. Even after retirement she continued to be a force for change.

As a student at SM Law College, Karachi she was one of only six girls. Law was an unusual field for girls in the '60s, and although her family approved of her studying, they were hesitant for her to practice. She faced discrimination from clients who did not want "a girl" conducting their case. But on one fateful day, her senior was late for a hearing, so the judge requested Rizvi to present. They won the case, and her ground breaking journey began.

When war broke out in 1971, she worked tirelessly to create a township for refugees from East Pakistan. Rizvi also launched a campaign to educate women on their legal rights: from 1964 she wrote a popular column on gender and women issues in Akhbar-i-Khawateen. Despite receiving threatening letters that she was misguiding women, she continued with her quest. Rizvi also reached out to women personally, visiting low-income areas to educate them on legal rights.

Rizvi presided as judge at the Sindh High Court from 1994 to '99, and was assigned some of the most sensitive cases.

After her retirement, Rizvi could devote more time to her primary mission - the battle for gender and human rights. She considers the launch of the Hudood Report the greatest achievement of her career. In 2002, Rizvi was elected chairperson of the National Commission on the Status of Women, and she made her first assignment the examination of the Hudood Ordinances.

*http://www.smlawcollege.edu.pk/index.php*

## خواتین ہیروز



## جسٹس (ر) ماجدہ رضوی

ہائی کورٹ میں پاکستان کی پہلی خاتون جج

ماجدہ رضوی نے بہ طور وکیل تین عشروں تک بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد سندھ ہائی کورٹ کی پہلی خاتون جج منتخب ہو کر ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔ اصول پسندی اور دیانت داری ان کی شناخت بنی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی وہ معاشرتی تبدیلی کے لیے ایک قوت کے طور پر سرگرم عمل ہیں۔

زمانۂ طالب علمی میں وہ ایس ایم لاء کالج، کراچی کی چھ طالبات میں شامل تھیں۔ 60ء کی دہائی میں قانون کا شعبہ لڑکیوں کے لیے کوئی قابل توجہ شعبہ نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اگرچہ ماجدہ کے اہل خانہ نے انھیں قانون کی تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دے دی تھی، تاہم وہ انھیں پریکٹس کرنے کی اجازت دینے میں تذبذب کا شکار تھے۔ ماجدہ رضوی کو اپنے کلائنٹس کی جانب سے بھی امتیازی رویے کا سامنا کرنا پڑا جو یہ نہیں چاہتے تھے کہ ''ایک لڑکی'' ان کے کیس کی پیروی کرے۔ خوش قسمتی سے ایک روز



ان کے سینیئر کو سماعت پر پہنچنے میں تاخیر ہوگئی۔ چناں چہ جج نے ماجدہ سے مقدمہ پیش کرنے کی درخواست کی۔ اتفاق سے ماجدہ رضوی یہ کیس جیت گئیں اور یہیں سے ان کے تاریخ ساز سفر کا آغاز ہوا۔

1971ء میں جب انڈیا پاکستان کے درمیان جنگ چھڑی تو ماجدہ رضوی نے مشرقی پاکستان سے آنے والے مہاجرین کی آبادی کاری کے لیے انتھک محنت کی۔ انھوں نے خواتین کو ان کے قانونی حقوق سے آگاہ کرنے کے لیے ایک مہم بھی چلائی: 1964ء سے انھوں نے ''اخبارِ خواتین'' میں صنفی امتیاز اور خواتین کے مسائل پر کالم لکھنے شروع کیے جو بہت مقبول ہوئے۔ آئے روز انھیں دھمکی آمیز خطوط ملنے لگے جن میں یہ کہا جاتا تھا کہ وہ خواتین کو بہکا رہی ہیں، مگر انھوں نے ڈرے بغیر یہ کٹھن سفر جاری رکھا۔ خواتین کو ان کے قانونی حقوق سے آگاہ کرنے کے لیے وہ کم آمدنی والے علاقوں میں جا کر ذاتی طور پر بھی ان سے ملیں، انھیں سمجھایا اور ان کے حقوق بتائے۔

جسٹس (ر) ماجدہ رضوی 1994ء سے 1999ء تک سندھ ہائی کورٹ کی جج رہیں، اس دوران انھوں نے چند حساس ترین مقدمات کی سماعت بھی کی۔

ریٹائرمنٹ کے بعد ماجدہ رضوی نے اپنا زیادہ وقت اپنے اصل مشن کو دیا اور جدوجہد برائے صنفی و انسانی حقوق کے لیے پہلے سے بھی زیادہ فعال ہو گئیں۔ وہ ''حدود رپورٹ'' کے اجراء کو اپنی پیشہ ورانہ زندگی کی سب سے بڑی کامیابی سمجھتی ہیں۔ 2002ء میں ماجدہ رضوی کو ''قومی کمیشن برائے خواتین کا مقام'' (NCSW) کی چیئرپرسن منتخب کیا گیا۔ اس حیثیت میں انھوں نے حدود آرڈیننس کے جائزے کو اپنی اولین ذمہ داری بنایا۔

http://www.smlawcollege.edu.pk/index.php

# MARRIAGE

# شادی بیاہ





## Does an adult woman have the right to choose her life partner?

*Everyone is entitled to all the rights and freedoms set forth in this*
*Declaration, without distinction of any kind ...*
*All are equal before the law and are entitled without any discrimination to men and women of full age ... are entitled to equal rights as to marriage, during marriage and at its dissolution. Marriage should be entered into with the free and full consent of the intending spouses.*

**International Declaration of Human Rights**

cont.

## 1۔ کیا ایک بالغ عورت کو اپنا شریک حیات چُننے کا حق حاصل ھے؟

ہر فرد کو اس اظہاریے میں وضع کیے گئے حقوق اور آزادی بلا امتیاز حاصل ہے...
قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور مرد و زن کی تفریق کے بغیر انھیں... شادی کے موقع پر، شادی کے دوران اور اس کی تحلیل کے موقع پر مساوی حقوق حاصل ہیں۔
شادی دونوں فریقین کی مرضی اور مکمل رضامندی کے ساتھ ہونی چاہیے۔

**آئین پاکستان**

cont.

A Pakistani adult woman has a right to make decisions concerning her life, this includes choosing a life partner. To threaten a woman who marries of her own free will and bring her bodily harm is a crime and punishable by law. In case of serious threat to the person or her spouse the woman should contact a first class magistrate to seek State protection. Following this a case will be registered against the persecutor and she will be given refuge in a shelter home known as Darul Aman and Panah.

To declare a woman *kari* and use honor as a pretext to harm a woman who wishes to choose her partner, is illegal and any jirga verdict in this regard should also be considered illegal as the *jirga* has been **outlawed** by the Sindh High Court.

Forced marriage is also illegal, if proven in court,the perpetuators are punishable by law. In a forced marriage the full consent of both the boy and girl has not been obtained and this permission cannot be obtained through coercion or threat.  A woman forced into such a marriage can contact a First Class Magistate and seek protection of the State. According to the Women Protection Bill, anyone convicted of forcing a woman into marriage will be sentenced for 3-10 years or pay a fine of nearly Rs 500000/-

According to the law it is illegal to marry a girl who is under 16 years of age and a boy who is under 18 years. This kind of marriage is called child marriage and is against the Law and parents and guardians who allow such a marriage to take place can be fined and sentenced to imprisonment.

**Child Marriage Toll-Free Helpline for Women and Girls; 0800-13536**



ایک بالغ پاکستانی عورت کو اپنی زندگی سے متعلق فیصلے خود کرنے کا حق حاصل ہے، جس میں شریک حیات کا انتخاب بھی شامل ہے۔ اپنی مرضی سے شادی کرنے والی عورت کو ڈرانا دھمکانا اور اسے جسمانی نقصان پہنچانا قابل سزا جرم ہے۔ اس شخص یا اپنے شوہر کو سنگین دھمکیاں ملنے کے بعد اس عورت کو سرکاری تحفظ  حاصل کرنے کے لیے مجسٹریٹ درجہ اول سے رابطہ کرنا چاہیے۔ خاتون کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے دھمکیاں دینے والے شخص یا اشخاص کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا اور اس عورت کو شیلٹر ہومز میں پناہ دی جائے گی جو سندھ میں ''دارالامان'' اور کراچی میں ''پناہ'' کہلاتے ہیں۔

پسند کی شادی کرنے والی عورت کو عزت کے نام پر نقصان پہنچانے کے لیے کاری قرار دینا غیر قانونی ہے، اور اس ضمن میں کسی بھی جرگے کا فیصلہ غیر قانونی ہی سمجھا جانا چاہیے کیوں کہ سندھ ہائی کورٹ جرگوں کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے۔

جبری شادی  بھی غیر قانونی ہوتی ہے، اور اگر عدالت میں ثابت ہو جائے تو اس کے ذمہ داران کو قانون کے تحت سزا دی جا سکتی ہے۔ جبری شادی میں لڑکے اور لڑکی دونوں کی رضامندی حاصل نہیں کی جاتی، اور شادی کے لیے دونوں کی اجازت بالجبر اور انھیں ڈرا دھمکا کر حاصل کی بھی نہیں جا سکتی۔ جبری شادی کا شکار ہونے والی عورت مطابق ایک عورت کو شادی پر مجبور کرنے کے جرم کے مرتکب فرد کو تین سے دس برس تک قید کی سزا یا پانچ لاکھ روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

قانون کے مطابق 16 سال سے  کم عمر لڑکی اور 18 سال سے کم عمر لڑکے کے ساتھ شادی کرنا غیر قانونی ہے۔ اس قسم کی شادی چائلڈ میرج یا کم عمری کی شادی کہلاتی ہے اور خلاف قانون ہے۔ اس شادی کی اجازت دینے والے والدین اور سرپرستوں کو جرمانہ اور قید و بند کی سزائیں دی جا سکتی ہے۔

کم عمری کی شادیاں:  خواتین اور لڑکیوں کے لیے ٹول فری ہیلپ لائن 0800-13536

## What are the laws regarding a woman's right to inheritance?

It is a widespread practice to deprive women of their inheritance. The Women Protection Law protects a woman's right to her inheritance and declares any act to prevent a woman from getting her rightful legacy as a crime punishable by law. According to the Law anyone who deprives a woman of her inheritance will receive no less than 5 years in jail and a maximum sentence of 10 years in jail. They must also pay a fine.

Those who force a woman to marry the Qur'an, an act aimed at preventing women from leaving the home or receiving inheritance, will face a sentence of 3-7 years or pay a fine.



## عورت کے حق وراثت سے متعلق قوانین کیا ھیں؟

خواتین کو ان کی وراثت سے محروم کرنے کا چلن عام ہے۔ ''تحفظ خواتین بل'' عورت کے وراثتی حق کا تحفظ کرتا ہے اور عورت کو اس کا جائز وراثتی حق وصول کرنے سے روکنے کے عمل کو قانون کے تحت قابل سزا جرم قرار دیتا ہے۔ عورت کو اس کے وراثتی حق سے محروم رکھنے والے فرد کی کم از کم سزا 5 سال اور زیادہ سے زیادہ 10 سال کی قید ہے۔ اس کے علاوہ اسے جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔

عورت کو قرآن سے شادی پر مجبور کرنے والے شخص کی سزا 3 سے 7 سال قید یا جرمانہ ہے۔ عورت کی قرآن سے شادی ایک ایسا عمل ہے جس کا مقصد اس عورت کو گھر نہ چھوڑنے پر مجبور کرنا یا وراثت میں ملنے والا مال و جائیداد حاصل کرنے سے روکنا ہے۔

# What are the laws regarding maintenance/custody of children?

When a husband and wife separate, child custody is one of the most important matters to be decided upon. The well-being of the child and their best interests are the pre-requisites when it comes to awarding custody by the Judge.

According to the Law a male child can remain in custody of the mother till 7 years of age and a girl till puberty. A woman can claim child maintenance allowance from her ex-husband. In such a scenario, for this she has to file a separate suite in the family court for maintenance of the child and the court may decide that the husband would have to pay a certain amount to the wife so that she can bring up the child. The amount is highly dependent on the husband's financial situation.

When a parent takes legal custody of a child, it means that he/she can make crucial decisions concerning the child, including education, religion, health, etc. On the other hand, physical custody of the child means taking responsibility for the child's educational needs, food and housing. In such a scenario, the non-custodial parent still possesses the right to visit.

More information can be found on:

***http://pklegal.org/blog/child-custody-advice-mothers***

Pakistan Women Lawyers Association (PAWLA)
Tel no: 92 - 021 513533



# بچوں کی نگہ داشت / تحویل سے متعلق قوانین کیا ھیں؟

شوہراور بیوی میں جب علیٰحدگی ہوتی ہےتو فیصلہ طلب معاملات میں بچے کی تحویل کا معاملہ سب سے اہم ہوتا ہے۔ بچے کی تحویل کا فیصلہ کرتے ہوئے اس کی فلاح و بہبوداوراس کے بہترین مفادات جج کے پیش نظر ہوتے ہیں۔

قانون کے مطابق لڑکا 7 برس کی عمر تک اور لڑکی آغاز بلوغت تک ماں کے ساتھ رہ سکتی ہے۔عورت اپنے سابق شوہر سے بچوں کی دیکھ بھال کے اخراجات کا مطالبہ بھی کر سکتی ہے۔ایسی صورت میں اسے بچوں کی

دیکھ بھال کے اخراجات وصول کرنے کے لیے فیملی کورٹ میں ایک علیٰحدہ مقدمہ دائر کرنا ہوگا، جس پر عدالت فیصلہ کرے گی کہ شوہر کو بچوں کی نشوونما اور دیکھ بھال کے لیے ایک مخصوص رقم سابقہ بیوی کو ادا کرنی ہوگی۔رقم کی تعداد کا انحصار شوہر کی مالی حالت پر ہوتا ہے۔

جب ماں یا باپ میں سے کوئی ایک بچے کو قانونی طور پر اپنی تحویل میں لے لیتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ بچے کی تعلیم، مذہب، صحت وغیرہ سے متعلق اہم فیصلے کرنے کا مختار ہوتا رہوتی ہے۔دوسری جانب بچے کی جسمانی تحویل سے مراد اس کی تعلیمی ضروریات، کھانے پینے اور رہائش کی ذمہ داری لینا ہے۔ایسی صورت میں اس ماں رباپ کو جس کی تحویل میں بچہ نہیں ہے، بچے سے ملنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں:

***http://pklegal.org/blog/child-custody-advice-mothers***

# WOMEN HEROES



## SANIA SAEED

**Television and stage celebrity**

Leading stage and television artist Sania Saeed, has used her craft and fame to highlight issues and change mindsets about women and society.

Sania grew up in Karachi, in a family with a theatre background. She always had an interest in dance and singing, but found herself thrust into acting from the age of 10. Sania was involved in her father's theatre group and performed street theatre, learning from a young age that she could use her craft to raise awareness in society.

She did her Masters in Clinical Psychology from the University of Karachi. Through the years she has been in popular television plays and become a household name. She has also been a successful anchor person, hosting programs on contentious social issues. Sania always chose her roles sensibly, refraining from the glamour route to popularity, and instead worked with professionalism. Unafraid of challenges, she tackled difficult roles and topics to send messages to society, such as the strength of women. Despite becoming famous she is known for her humility and has maintained a responsible attitude towards her craft.



# خواتین هیروز

## ثانیہ سعید

ٹیلی ویژن اور اسٹیج کی نام وَر فن کارہ

ٹیلی ویژن اور اسٹیج کی معروف فن کارہ ثانیہ سعید نے اپنے فن اور شہرت کے بل بوتے پر خواتین کے مسائل کے ساتھ ساتھ عام معاشرتی مسائل کو اُجاگر کرنے اور ان کے حوالے سے موجود تصورات کو تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے۔

ثانیہ سعید کراچی کے ایک ایسے گھرانے میں پلی بڑھیں جو تھیٹر سے منسلک تھا۔ رقص و گائیکی میں ثانیہ کو شروع ہی سے دل چسپی تھی مگر دس برس کی عمر میں انھیں اداکاری کی جانب آنا پڑا۔ ثانیہ اپنے والد کے تھیٹر گروپ سے وابستہ ہوگئیں اور اسٹریٹ تھیٹر میں پرفارم کرنے لگیں۔ اس طرح ثانیہ کم عمری ہی میں یہ جان گئی تھیں کہ وہ اپنے فن سے معاشرے میں تبدیلی لانے اور شعور و آگہی بیدار کرنے کا کام لے سکتی ہیں۔

انھوں نے جامعہ کراچی سے کلینیکل سائیکالوجی میں ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ گزرے برسوں میں انھوں نے مشہور ٹیلی ویژن ڈراموں میں لازوال کردار ادا کیے اور ان کا نام مقبول عام ہوگیا۔ وہ ایک کام یاب اینکر پرسن ہیں، اور متنازع سماجی مسائل پر مبنی پروگراموں کی میزبانی کرتی رہی ہیں۔ ثانیہ کرداروں کے انتخاب میں ہمیشہ مہارت سے کام لیتی ہیں۔ حصول شہرت کے لیے گلیمر کے راستے سے اجتناب کرتے ہوئے انھوں نے ہمیشہ پیشہ ورانہ مہارت یا پروفیشنل ازم کے ساتھ کام کیا۔ چیلنجوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے معاشرے کو "خواتین کی طاقت" جیسے پیغامات پہنچانے کے لیے وہ مشکل کرداروں اور موضوعات کا انتخاب کرتی ہیں۔ شہرت یافتہ ہوجانے کے باوجود ثانیہ عاجزی وانکساری کا پیکر ہیں۔ اپنے فن کے ساتھ انھوں نے ہمیشہ ذمہ دارانہ برتاؤ کیا ہے۔

# DOMESTIC VIOLENCE

# گھریلو تشدد





## What is domestic abuse?

Domestic violence against women, despite being on the rise, is one of the most under reported crimes. It is widely considered to be a private matter in Pakistan and thus perpetrators do not get treated as criminals.

Domestic abuse is defined as all forms of violence including physical, sexual and economic abuse, stalking, harassment, etc. as well as verbal and emotional abuse in a domestic setting. According to the Human Rights Commission report, perpetrators of domestic abuse are mostly husbands, fathers and brothers and in-laws.

The cases of domestic abuse all over the country includes heinous crimes such as acid attacks, severing of limbs, setting the victims on fire.

Various factors contribute to this, including poverty, illiteracy and a patriarchal system with a history of practicing physical violence as a form of social control.

## گھریلو تشدد کیا ہوتا ہے؟

عورتوں کے خلاف گھریلو تشدد عُروج پر ہونے کے باوجود سب سے کم رپورٹ کیا جانے والا جرم ہے۔گھریلو تشدد کو پاکستان میں وسیع پیمانے پر نجی معاملہ سمجھا جاتا ہے اور اسی لیے اس جرم کے مرتکب افراد کے خلاف قانونی کارروائی نہیں ہوتی۔

گھریلو تشدد کی تعریف میں جسمانی، جنسی، اور معاشی تشدد، راہ چلتے ہوئے پیچھا کرنا، ہراساں کرنا وغیرہ کے ساتھ ساتھ گھر کے اندر کیا جانے والا زبانی اور جذباتی تشدد بھی شامل ہے۔تمام صورتوں سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ گھروں میں خواتین پر جسمانی اور نفسیاتی تشدد کی جڑیں ہمیشہ کی طرح آج بھی بہت گہری ہیں۔انسانی حقوق کمیشن کی رپورٹ کے مطابق گھریلو تشدد کے مرتکب افراد میں بالخصوص شوہر، باپ، بھائی اور سسرالی رشتے دار شامل ہوتے ہیں۔

ملک کے طول وعرض میں رونما ہونے والے گھریلو تشدد کے واقعات میں تیزاب پھینکنا، ہاتھ پاؤں کاٹ دینا، اور گھریلو تشدد کا شکار بننے والی خواتین کو آگ میں جلا دینا شامل ہیں۔ان تمام واقعات میں جرم کے مرتکب افراد کی اکثریت نشانہ بننے والیوں کے عزیز واقارب پر مشتمل تھی۔

متعدد عوامل عورتوں کے خلاف گھریلو تشدد کا سبب ہیں۔ان میں غربت، ناخواندگی، اور جسمانی تشدد کو سماجی کنٹرول کی ایک صورت کے طور پر استعمال کرنے کی تاریخ رکھنے والا پدرانہ اقتداری خاندانی نظام شامل ہیں۔



## How can a victim of Domestic Abuse get protection?

Now victims of Domestic Abuse can get protection under the recently passed Domestic Violence Bill which for the first time identifies domestic abuse as a crime and a punishable offence. Under the "The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2013", anyone indulging in violence against vulnerable sections of society, women in particular, will be liable to a sentence of one year in prison and a Rs 20,000 fine.

Victims of Domestic Abuse can seek State protection by reporting domestic abuse to the Police. This will take them out of the abusive environment and give them shelter in Panah and Darul Aman while the case is in the court.

**More information can be found on:**

*http://pklegal.org/blog/child-custody-advice-mothers*
*http://www.panahshelter.org/about.htm*
Pakistan Women Lawyers Association (PAWLA) **Tel no: 92-021 513533**

## گھریلو تشدد کا شکار بننے والے کیسے تحفظ حاصل کرسکتے ہیں؟

اب گھریلو تشدد کا نشانہ بننے والے ''گھریلو تشدد کا بل'' کے تحت تحفظ حاصل کر سکتے ہیں۔یہ بل حال ہی میں منظور کیا گیا ہے اور اس میں پہلی بار گھریلو تشدد کو جرم اور قابل سزا اقدام قرار دیا گیا ہے۔اس بل کے تحت جسے ''گھریلو تشدد (تدارک اور تحفظ) بل 2013ء'' کا عنوان دیا گیا ہے، معاشرے کے کمزور طبقات بالخصوص خواتین کے خلاف تشدد میں ملوث کسی بھی فرد کو ایک سال کی قید اور 20000 روپے جرمانے کی سزا دی جاسکتی ہے۔گھریلو تشدد کے شکار افراد سرکاری تحفظ طلب کر سکتے ہیں تا کہ کیس کی سماعت کے عرصے میں انھیں پُرتشدد اور توہین آمیز ماحول سے نکال کر شیلٹر ہوم میں رکھا جا سکے۔

مزید معلومات یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں:

*http://pklegal.org/blog/child-custody-advice-mothers*
*http://www.panahshelter.org/about.htm*



# WOMEN HEROES

## Mukhtaran Mai

Courageous rape survivor who has devoted her life to the welfare of battered women
Mukhtaran Mai was born in 1972 in Meerwala,Punjab. As a young woman she was subjected to gage rape as revenge for a crime allegedly committed by her minor brother. The rape was ordered by tribal elders in an illegal verdict.
She suffered the same fate as countless other women in the name of honor but Mukhtaran Mai and her family rose above the trauma and reported the crime with the help of the local cleric. This act of courage changed her life and has turned her into Pakistan's symbol of defiance and bravery.
Despite the fact that she has experienced many setbacks in getting justice and has repeatedly been disillusioned by the political leadership of the country but the support of human activists and civil society has given her hope.
The attention her case has received from the national and international press has led to many honors. Mukhtaran Mai has used the funds received with awards to set up a school for underprivileged girls of her village because she firmly believes that education can empower the girls and make them less vulnerable.
She founded the *Mukhtar Mai Women's Welfare Organization* that provides education and support to battered women.
In 2009 she got married to a local policeman and today is a proud mother. Her life of extraordinary resilience has been an inspiration for all, particularly other rape survivors and abused women, in Pakistan and beyond.



# خواتین ہیروز

## مختاراں مائی

زنابالجبر کا شکار ہونے والی باہمت عورت جس نے زندگی مظلوم عورتوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کردی ہے۔
مختاراں مائی 1972ء میں میروالا، پنجاب میں پیدا ہوئی تھیں۔ نوجوانی میں انھیں مبینہ طور پر ان کے چھوٹے بھائی سے سرزد ہوتے والے جرم کے بدلے کے طور پر اجتماعی زنابالجبر کا نشانہ بنایا گیا۔ اس ظالمانہ اقدام کا حکم قبائلی سرداروں نے ایک غیر قانونی فیصلے میں دیا تھا۔

عزت کے نام پر مختاراں مائی کو متعدد دیگر عورتوں جیسی بدقسمتی کا سامنا کرنا پڑا، مگر مختاراں اور ان کے اہل خانہ اس بدترین حادثے سے سنبھل گئے اور انھوں نے مقامی روحانی پیشوا کی مدد سے اس جرم کی اطلاع پولیس کو کردی۔ ہمت و حوصلے کے اس مظاہرے نے مختاراں مائی کی زندگی بدل دی اور انھیں پاکستان میں ظلم کے خلاف مزاحمت اور بہادری کی علامت بنادیا۔

اس حقیقت کے باوجود کہ مختاراں مائی کو حصول انصاف کی راہ میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا اور سیاسی رہنماؤں نے بار باران کے ساتھ ہونے والے ظلم کو دھندلانے کی کوشش کی مگر انسانی حقوق کے کارکنان اور سول سوسائٹی نے انھیں امید وحوصلہ بخشا۔

مختاراں مائی کے کیس نے ملکی اور بین الاقوامی توجہ حاصل کی اور انھیں کئی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ اعزازات کے ساتھ ملنے والی رقوم سے مختاراں نے اپنے گاؤں کی محکوم و مجبور لڑکیوں کے لیے ایک اسکول قائم کیا کیوں کہ وہ اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہیں کہ تعلیم لڑکیوں کو طاقت ور کرتی ہے اور انھیں ایک مشکل ہدف بناتی ہے۔
انھوں نے مختاراں مائی ویمنز ویلفیئر آرگنائزیشن کی بنیاد ڈالی جو مظلوم عورتوں کو تعلیم اور سہارا مہیا کرتی ہے۔
2009ء میں مختاراں نے ایک پولیس اہل کار سے شادی کی اور اب وہ ایک قابل فخر ماں ہیں۔ غیر معمولی مزاحمت سے بھرپور ان کی زندگی پاکستان اور پاکستان سے باہر تمام خواتین بالخصوص زنابالجبر اور تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کے لیے قابل تقلید مثال ہے۔

# RAPE

# زنا بالجبر





## What is rape?

Rape is defined in the Pakistan Penal Code as, " a man having sexual intercourse with a woman against her will, without her consent, with her consent, when the consent has been obtained by putting her in fear of death or of hurt, with her consent, when the man knows that he is not married to her and that the consent is given because she believes that the man is another person to whom she is or believes herself to be married; or with or without her consent when she is under sixteen years of age". The provision also states that, "Penetration is sufficient to constitute the sexual intercourse necessary to the offence of rape."

There has been confusion whether marital rape is also covered under the law. In this regard, we must refer to the previous wording of Section 375 before the 2006 amendment came into effect. The law had stated:

"A man is said to commit rape who has sexual intercourse with a woman, who is not his wife...." The removal of the words 'who is not his wife' in 2006 evidences that there was a concerted move to include marital rape within the law. However, there has been no case of marital rape having been reported, most likely due to the ambiguity of the law and socio-cultural lack of acceptance of marital rape as an offence, according to a report on Women's Access to Justice in Pakistan.

The report can be accessed on:
*http://www.ohchr.org/Documents/HRBodies/CEDAW/AccesstoJustice/AuratFoundationAndWarAgainstRape_Pakistan.pdf*

# زنا بالجبر کیا ہے؟

پاکستان پینل کوڈ میں زنا بالجبر کو "ایک مرد کا عورت کے ساتھ اس کی مرضی کے برخلاف، اس کی رضامندی کے بغیر، اس کی رضامندی سے جنسی تعلق قائم کرنا جب کہ رضامندی عورت کو موت یا نقصان پہنچانے کے خوف میں مبتلا کر کے حاصل کی گئی ہو، اس کی رضامندی سے جنسی تعلق قائم کرنا جب کہ مرد جانتا ہو کہ وہ اس کی منکوحہ نہیں ہے اور رضامندی کا اظہار محض اس بنا پر کیا گیا ہے کہ وہ سمجھتی ہے کہ یہ وہ آدمی ہے جس سے اس کی شادی ہوگی یا وہ جس سے شادی کرے گی؛ یا اس کی رضامندی سے یا رضامندی کے بغیر جنسی تعلق قائم کرنا جب کہ اس کی عمر سولہ سال سے کم ہو۔" اس شق میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے، "زنا بالجبر کے جرم کا اطلاق کرنے کے لیے ناگزیر جنسی ملاپ کی شرط دخول دینے ہی سے پوری ہوجاتی ہے۔"

اس بارے میں ابہام پایا جاتا ہے کہ ازدواجی زنا بالجبر پر اس قانون کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں۔ اس ضمن میں ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ 2006ء میں ترمیم سے پہلے سیکشن 375 میں کیا کہا گیا ہے۔ قبل از ترمیم اس قانون میں کہا گیا تھا: "ایک مرد کو زنا بالجبر کا مرتکب سمجھا جائے گا جو اس عورت کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرتا ہے جو اس کی بیوی نہیں ہے ...." 2006ء میں اس قانون سے "جو اس کی بیوی نہیں ہے" کے الفاظ کا اخراج اس امر کی گواہی دیتا ہے کہ ازدواجی زنا بالجبر کو قانون کے دائرے میں لانے کی تحریک متفقہ طور پر پیش کی گئی تھی۔ بہر حال "پاکستان میں عورتوں کی انصاف تک رسائی" کے عنوان سے جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق ازدواجی زنا بالجبر کا کوئی کیس ابھی تک رپورٹ نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ قانون کا واضح نہ ہونا اور ازدواجی زنا بالجبر کو جرم تسلیم کرنے کے سلسلے میں معاشرے میں پائی جانے والی ہچکچاہٹ ہے۔

پاکستان پینل کوڈ کا سیکشن 375 زنا بالجبر کو جرم قرار دیتا ہے۔ سیکشن 376 کے مطابق اس جرم کی کم از کم سزا 10 برس اور زیادہ سے زیادہ 25 برس کی قید اور جرمانہ ہے۔ اجتماعی زنا بالجبر کی زیادہ سے زیادہ سزا سزائے موت ہے۔ زنا بالجبر انتہائی وحشیانہ جرم ہے۔ اس جرم کی سنگینی کسی کو قتل کر دینے کے مترادف یا اس سے بھی بڑھ کر ہے۔

یہ رپورٹ یہاں دیکھی جا سکتی ہے:

***http://www.ohchr.org/Documents/HRBodies/CEDAW/AccesstoJustice/AuratFoundationAndWarAgainstRape_Pakistan.pdf***



# How can a rape survivor get justice?

Rape occurs in every strata of society and a survivor should never feel isolated or ashamed. While discussing this issue is traumatic for the survivor. It is imperative for a woman to know the legal and medical procedure of reporting rape so she can report it with confidence and bring the perpetrators to justice.

According to the Guidance for Survivors of Sexual Abuse in Karachi, the following should be done in the order:

1 If less than 24 hours have elapsed since the incident, the survivor should visit a government hospital and ask for a female medico-legal officer ( MLO) to conduct an examination. Prior to the examination, the survivor should strictly avoid bathing or washing the clothes as they are crucial evidence to help determine that the rape has taken place and will be used against her alleged perpetrators in court. The hospitals include:

a) Civil Hospital Karachi, Casaulty, M.A. Jinnah Road, Karachi

b) Jinnah Post Graduate Medical Centre, Rafiqui Shaheed Road, Karachi.

c) Abbasi Shaheed Hospital, Nazimabad No. 3, Near A.O. Clinic, Karachi.

In a situation where more than 24 hours have passed away since the incident took place, the survivor should first go to a Police Surgeon's office, Directorate of Medico-legal Sector, Government of Sindh on main M.A. Jinnah Road (opposite Jama Cloth Market, Karachi) and ask for a woman Medico-legal Officer to examine her. It is imperative that the survivor takes the clothes which were worn when the incident took place regardless of whether it's less or over 23 hours. The survivor

should try and take someone she trusts and who has an idea of what the procedure entails.

Once the examination has been completed, the survivor will be given a reference slip by the woman MLO. It is important to remember that in case of a situation where the slip is not handed to the survivor, it is her right to ask for it. The report will be issued in a few days' time; it should not take more than two weeks.

If a survivor does not find a female MLO in the office, she has the right to request for one. Woman MLO's are directed to conduct examination of all walk-in-cases swiftly and free of charge. If a woman MLO is not present, the survivor can lodge a complaint as it is her right.

Following completion of the medical examination, the survivor can go to the local police station in her area of residence and file a complaint.

She can either:

- Submit a detailed statement of the incident which the police should acknowledge by stamping. It is absolutely necessary that all the incidents are registered by the police.
- Moreover, the policeman handling the complaint should also give an entry number and a copy of the statement.

Alternatively the survivor can request the police to write down the event as she narrates it. In order to ensure that the written statement is correct, the survivor should have the police officer read it aloud for her. It is strongly recommended to have someone else with the survivor who can read the language. The copy of the written statement should be taken from the police officer and kept safely.



In a scenario where the local police station does not file the survivor's complaint, she should contact the Central Police Station (CPO) or the Women Police Station in Karachi.

Furthermore, if the Police Head Office or the Women Police Stations also refuse to cooperate, then the survivor should report the facts of the incident by mailing the provincial administration (Governor, Chief Minister, I.G Police, Chief Justice, etc) or any human rights organisation that provides help to women in such instances. Not only does this put pressure on law enforcement officials, but also puts it on the record of the provincial administration and this may ensure faster action if people are non-cooperative.

***http://www.npb.gov.pk/***

# زنابالجبر کا شکار ہونے والی خواتین انصاف کیسے حاسل کرسکتی ہیں؟

زنا بالجبر کے واقعات معاشرے کے ہر طبقے میں ہوتے ہیں اوراس کا شکار ہونے والی خواتین کو شرمندہ نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی انھیں خود کو تنہا سمجھنا چاہیے۔اس سانحے پر گفتگو کرنا متاثرہ عورت کے لیے بے حد تکلیف دہ ہوتا ہے اس لیے اُس عورت کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ زنا بالجبر کا شکار ہونے کے بعد حصول انصاف کے لیے قانونی اور طبی طریقہ کار کیا ہے۔یہ معلومات متاثرہ عورت کو اعتماد بخشیں گی اور اسے تکلیف دہ سانحے کے اثرات سے نمٹنے میں مدد دیں گی۔

حصولِ انصاف کی خواہش مند زنا بالجبر کا شکار ہونے والی عورت کو چاہیے کہ وہ اپنے ساتھ زنا کا ارتکاب کرنے والے شخص کے خلاف الزامات ضرور لگائے۔اس اقدام سے بھی اس جرم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

''کراچی میں جنسی زیادتی کی شکار خواتین کے لیے رہنما ہدایات'' کے مطابق درج ذیل اقدامات ترتیب وار کیے جائیں:

1۔اگر واقعے کو 24 گھنٹے سے کم وقت گزرا ہو تو متاثرہ عورت کو کسی سرکاری اسپتال جا کر خاتون میڈیکولیگل افسر سے طبی معائنہ کروانا چاہیے۔معائنے سے قبل متاثرہ عورت کو نہانے اور پہنا ہوا لباس دھونے سے گریز کرنا چاہیے کیوں کہ یہ انتہائی اہم شہادتیں ہیں۔ان پر اس امر کے اشارے موجود ہوتے ہیں کہ زنا بالجبر ہوا ہے،اور ان پر موجود ڈی این اے جنسی زیادتی کا ارتکاب کرنے والے/والوں کی شناخت میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

سرکاری اسپتالوں میں درج ذیل شامل ہیں:

الف) سول اسپتال کراچی،شعبہ حادثات،ایم اے جناح روڈ،کراچی

ب) جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر،رفیق شہید روڈ،کراچی

پ) عباسی شہید اسپتال،ناظم آباد نمبر 3،نزد اے۔او کلینک،کراچی

ایسی صورت میں جب کہ جنسی زیادتی کے واقعے کو 24 گھنٹے سے زیادہ وقت گزر چکا ہو،متاثرہ عورت کو پہلے ایم جناح روڈ (بالمقابل جامع کلاتھ مارکیٹ،کراچی) پر واقع ڈائریکٹریٹ آف میڈیکولیگل سیکٹر،حکومت سندھ میں پولیس سرجن کے دفتر جا کر خاتون میڈیکولیگل افسر سے طبی معائنہ کروانا چاہیے۔متاثرہ عورت اپنے ساتھ وہ کپڑے بھی لے کر جائے جو اس نے اس حادثے کے وقت زیب تن کر رکھے تھے قطع نظر اس کے کہ حادثے کو 23 گھنٹے سے کم یا اس سے زیادہ وقت گزر چکا ہو۔متاثرہ عورت اپنے ساتھ کسی ایسے قابل اعتماد فرد کو لے کر جائے جو طبی معائنے کے تمام مراحل کی شُد بُد رکھتا ہو۔زنا بالجبر کا شکار ہونے والی عورت اس سلسلے میں رہنمائی حاصل کرنے کے لیے (War Against Rape)WAR سے ان نمبروں پر رابطہ کرسکتی ہے۔(9221) 111911922(9221) 52199025685824



طبی معائنہ مکمل ہوجانے کے بعد زنا بالجبر کا شکار ہونے والی عورت کو خاتون ایم ایل او ایک حوالہ جاتی پرچی (ریفرنس سلپ) فراہم کرے گی۔یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ اگر متاثرہ عورت کو ریفرنس سلپ نہ دی جائے تو اس کا مطالبہ کرنا اس عورت کا حق ہے۔طبی معائنے کی رپورٹ چند دن کے بعد جاری کردی جاتی ہے؛اس میں دو ہفتے سے زائد وقت نہیں لگنا چاہیے۔

اگر متاثرہ عورت کو دفتر میں خاتون ایم ایل او نہیں ملتی تو اسے حق حاصل ہے کہ خاتون ایم ایل او مہیا کرنے کی درخواست کرے۔خاتون ایم ایل اوز کو چل کر آنے والی متاثرہ خواتین کا فوری اور بلا معاوضہ معائنہ کرنے کی ہدایت ہوتی ہے۔اگر خاتون ایم ایل او موجود نہ ہو تو متاثرہ عورت کو اس امر کی شکایت درج کروانے کا حق حاصل ہے۔

طبی معائنہ مکمل ہوجانے کے بعد متاثرہ عورت اپنے رہائشی علاقے کے تھانے میں جا کر شکایت درج کرواسکتی ہے۔

وہ درج ذیل اقدام کرسکتی ہے:

☆ اس واقعے کا تفصیلی بیان تھانے میں جمع کرواسکتی ہے۔پولیس اہل کار بیان پر مہر ثبت کرکے اس کی وصولی کی تصدیق کریں گے۔تمام واقعات کا پولیس کے پاس اندراج ہونا بے حد ضروری ہے۔

☆ مزید برآں شکایت درج کرنے والا پولیس اہل کار اندراج کا نمبر اور بیان کی ایک نقل بھی متاثرہ عورت کو فراہم کرے گا۔

متبادل اقدام کے طور پر متاثرہ عورت پولیس افسر سے درخواست کرسکتی ہے کہ وہ اس کی زبانی اس واقعے کی تفصیلات سنے اور تحریر کرتا چلا جائے۔اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ تحریر کردہ بیان درست ہے،متاثرہ عورت پولیس افسر سے وہ بیان بآواز بلند پڑھنے کے لیے کہے۔متاثرہ عورت کے ساتھ کوئی ایسا فرد ضرور ہونا چاہیے جو تحریر کردہ بیان پڑھ سکتا ہو۔پولیس افسر سے تحریری بیان کی ایک نقل لے کر حفاظت سے رکھ لی جائے۔

اگر مقامی تھانہ متاثرہ عورت کی شکایت درج نہیں کرتا تو اسے سینٹرل پولیس اسٹیشن یا کراچی میں واقع ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

اگر پولیس ہیڈ آفس یا ویمن پولیس اسٹیشن بھی تعاون کرنے سے انکار کردیتے ہیں تو متاثرہ عورت کو ڈاک کے ذریعے واقعے کے حقائق سے صوبائی انتظامیہ (گورنر،وزیراعلیٰ،آئی جی پولیس،چیف جسٹس وغیرہ) یا کسی بھی انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیم کو آگاہ کرنا چاہیے جو ایسے معاملات میں خواتین کی مدد کرتی ہوں (ہینڈ بک میں فہرست دی گئی ہے)۔ایسا کرنے سے نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اہل کاروں پر دباؤ پڑتا ہے بلکہ اس سے متاثرہ عورت کے ساتھ پیش آنے والا حادثہ صوبائی انتظامیہ کے ریکارڈ پر آجاتا ہے۔اور اگر متعلقہ اہل کار تعاون نہ کررہے ہوں تو اس اقدام کے نتیجے میں وہ تیزی سے کارروائی کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔

http://www.npb.gov.pk/

## What are the support groups that facilitate victims of domestic and sexual abuse? Do they have any helplines?

There are several organisations operating in Pakistan that work with rape survivors. One of the most renowned one is War against Rape (WAR) which has an extensive body of work to its credit. It provides the following services:

- Legal program: WAR provides free legal aid and legal counselling services to survivors of domestic and sexual abuse.
- Counselling program: counselling and crisis intervention to survivors of sexual and domestic abuse.
- Awareness reaching program: WAR publishes literature focusing on raising awareness amongst survivors of sexual and domestic abuse. It also releases semi-annual newsletters as part of its initiative to apprise women of their rights.

**WAR** can be reached on (9221) 5685824, (9221) 5219902, 111911922

**Lawyers for Human Rights and Legal Aid** (LHRA) Tel: (9221) 5673286

**Pakistan Women Lawyers' Association** (PAWLA) Tel: 9221) 5637131, (9221) 5637132

**Human Rights Commission of Pakistan** (HRCP) Tel: 9221) 5373008; Fax: (9221) 5830903



## وہ کون سے ادارے ہیں جو گھریلو اور جنسی تشدد کا نشانہ بننے والی خواتین کی مدد کرتے ہیں؟ کیا ان کی کوئی ہیلپ لائنز ہیں؟

پاکستان میں ایسے کئی ادارے سرگرم عمل ہیں جو زنا بالجبر کا شکار ہونے والی خواتین کو مدد و سہارا فراہم کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک معروف ادارہ War against Rape (WAR) ہے جو اس ضمن میں بے پناہ کام کر چکا ہے اور جس کا دائرہ کار بہت وسیع ہے۔

''وار'' درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے:

☆ قانونی پروگرام: اس پروگرام کے تحت ''وار'' گھریلو اور جنسی تشدد کا شکار ہونے والیوں کو مفت قانونی مدد اور قانونی مشاورت جیسی خدمات مہیا کرتا ہے۔

☆ مشاورتی پروگرام: ''وار'' گھریلو اور جنسی تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کو مشاورت اور بحرانی حالات سے نمٹنے میں مدد بھی فراہم کرتا ہے۔

☆ فروغ آگہی پروگرام: ''وار'' گھریلو اور جنسی تشدد کا نشانہ بننے والی خواتین میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے ضروری مواد بھی شائع کرتا ہے۔

''وار'' سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے (9221) 5685824, (9221) 5219902

111911922

کراچی میں مصروفِ کار چند دیگر ادارے یہ ہیں

لائرز فار ہیومن رائٹس اینڈ لیگل ایڈ (LHRA) ٹیلی فون: (9221)5673286

پاکستان ویمن لائرز ایسوسی ایشن (PAWLA) ٹیلی فون: (9221)5637131 (9221) 5637132

ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) ٹیلی فون: (9221)5373008 فیکس (9221) 5830903



## NASEEM HAMEED

**South Asia's fastest woman sprinter**

Gold medallist Naseem Hameed grew up in Karachi's Korangi neighbourhood. Despite economic hardships and obstacles, she followed her dream to be a runner. With the encouragement and support of her family she represented Pakistan at the South Asian Federation Games (SAF) in Dhaka, Bangladesh in 2010, where she made history.

Naseem won the 100 Meters race and became South Asia's fastest woman at the age of 22. She clocked an amazing 11.81 seconds to land the 100 Meters gold medal. Naseem also became the first Pakistani woman to win the short sprint gold in the 26-year history of the games. She is the third woman to win a gold medal for Pakistan, after Rehana Kausar (high jump, gold, 1999 Kathmandu), and Shabana Akhtar (long jump, gold, 1995 Madras).

When she returned to Pakistan after her victory, to an airport filled with cheering supporters and fans, Naseem told reporters "I had forgotten the world for six months and trained really very, very hard under my coach Maqsood Ahmed to achieve this."

www.facebook.com/FastestSouthAsian





## نسیم حمید

جنوبی ایشیا کی تیز ترین اسپرنٹر (مختصر فاصلے کی ریس کی کھلاڑی)

گولڈ میڈلسٹ نسیم حمید کراچی کے علاقے کورنگی میں پلی بڑھیں۔ معاشی مسائل اور رکاوٹوں کے باوجود انھوں نے اپنے خواب کی تعبیر پانے کی جستجو کی۔ ان کا خواب ریس میں نمایاں کامیابی حاصل کرنا تھا۔ اپنے گھر والوں کی حوصلہ افزائی اور تعاون سے انھوں نے 2010ء میں ڈھاکا، بنگلہ دیش میں منعقدہ ساؤتھ ایشین فیڈریشن گیمز (SAF) میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ایک نئی تاریخ رقم کی۔

نسیم نے سو میٹر کی ریس جیتی اور 22 سال کی عمر میں جنوبی ایشیا کی تیز ترین خاتون رنر بن گئیں۔ انھوں نے سو میٹر کا فاصلہ محض 11.81 سیکنڈز میں طے کر کے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ نسیم ان کھیلوں کی 26 سالہ تاریخ میں مختصر فاصلے کی ریس میں گولڈ میڈل جیتنے والی اولین پاکستانی خاتون بھی ٹھہریں۔

ریحانہ کوثر اور شبانہ اختر کے بعد وہ پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیتنے والی تیسری خاتون ہیں۔ ریحانہ کوثر نے 1999ء میں کھٹمنڈو، نیپال میں منعقدہ ساؤتھ ایشین گیمز کے دوران ہائی جمپ میں اور شبانہ اختر نے 1995ء میں مدراس، بھارت میں منعقدہ ساؤتھ ایشین گیمز میں لانگ جمپ میں گولڈ میڈل حاصل کیا تھا۔

فاتح بننے کے بعد جب نسیم حمید پاکستان لوٹیں تو ایئرپورٹ پر ان کے پرستاروں نے بڑے جوش و خروش سے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر انھوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا: "یہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے میں نے چھ ماہ تک سب کچھ بھلا دیا تھا اور اپنے کوچ مقصود احمد کی نگرانی اور سرپرستی میں سخت ترین ورزشیں کیں۔"

www.facebook.com/FastestSouthAsian

# FORCED PROSTITUTION

# جبری جسم فروشی





## What is the Law on forced prostitution and how can a victim get help?

Forced prostitution is a form of forced slavery, and is illegal according to the Constitution of Pakistan. Article 11 states "Slavery, all forms of forced labour and trafficking of human beings are prohibited". Article 9 states "No person can be deprived of life or liberty, save in accordance with law."

Trafficking or forced prostitution is the act of using women and children against their will for sexual activities. This is a crime and should be reported to the police without delay so the victims can be rescued and criminals brought to justice.

Organizations like PANAH offer safe shelter to female victims.

For more information: ***http://www.panahshelter.org/about.htm***

Pakistan Women Lawyers Association (PAWLA) **92 - 021 513533**

## جبری جسم فروشی سے متعلق قانون کیا ھے اور اس کا شکار کیسے مدد طلب کرسکتا ھے؟

جبری عصمت فروشی جبری غلامی کی ایک شکل ہے۔ اور پاکستان کے آئین کے مطابق یہ غیر قانونی ہے۔ آئین کا آرٹیکل 11 بیان کرتا ہے، ''غلامی، جبری مشقت کی تمام صورتوں اور غیر قانونی طور پر انسانوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے (trafficking of human beings) کی ممانعت ہے۔'' آرٹیکل 9 میں کہا گیا ہے، ''قانون کے مطابق کسی بھی شخص کو زندگی اور آزادی سے محروم نہیں کیا جائے گا، سوائے اس صورت میں جب قانون اس کی اجازت دے۔''

